نقد و نظر

جدید کتابیں

"یدِ بیضا" ڈاکٹر سید نجم الدین احمد صاحب جعفری بیرسٹرایٹ لا ہندوستان کے اُن گنے چنے مسلمانوں میں سے ہیں جو انگریزی کے اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے اور سرکاری عہدہ کی ذمہ دارانہ مصروفیتیں رکھنے کے باوجود اسلامیات سے شغف رکھتے ہیں۔ اور تصنیف و تالیف کے ذریعہ مسلمانوں کی قابل قدر خدمات انجام دیتے رہتے ہیں۔ آپ کی متعدد کتابیں، آئینِ عالم، وفاق ہند اور Flash Lights on Islam شائع ہو کر ملک میں مقبول ہو چکی ہیں۔ اب آپ کے اسلامی و معاشرتی مضامین کا مجموعہ "یدِ بیضا" کے نام سے شائع کیا گیا ہے، اس مجموعہ میں آپ کے مختلف مضامین یکجا کر دیے گئے ہیں۔ جن میں سے بعض مختلف اخبارات و رسائل میں شائع ہو چکے ہیں اور اب اُن کو اضافہ و ترمیم کے ساتھ اس مجموعہ میں شامل کر دیا گیا ہے۔ متعدد مضامین ایسے بھی ہیں جو اب تک کہیں شائع نہیں ہوئے ہیں۔

اس مجموعہ میں جتنے مضامین ہیں سب ہی دلچسپ اور مفید ہیں۔ علی الخصوص مضامین ذیل زیادہ توجہ اور غور سے پڑھنے کے لائق ہیں۔

"اسلام اور سرمایہ دار و مزدور" "اسلام اور وطنیت"، "اسلام اور عورت"، "عورت کی حیثیت ہندوستان میں"، "اسلامی فلسفۂ زندگی"، "انسان کامل"۔ زبان شگفتہ اور سہل و رواں ہے خیالات سنجیدہ و متین اور سلجھے ہوئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف نے قرآن مجید کا مطالعہ بنظر عمیق کیا ہے اور اصولِ اسلام کو سمجھنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔